144986- حکومت کی طرف سے ملنے والے راشن کارڈ کی رقم سے قربانی خرید سکتا ہے؟

سوال

سوال : امریکی حکومت محدود آمدن والے افراد کو ایک کارڈ فراہم کرتی ہے جس کے ذریعے کھانے پینے کی اشیا حکومتی خزانے سے خریدی جا سکتی ہیں، تو کیا اس کارڈ کو قربانی کی خریداری کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے؟

پسندیدہ جواب

اول :

سوال میں مذکور پروگرام کا مختصر تعارف
یہ ہے :

-1
اس کارڈ کو امریکہ میں "راشن کارڈ" کہا
جاتا ہے، یہ پروگرام دوسری عالمی جنگ کے بعد شروع کیا گیا تھا۔

-2
اس پروجیکٹ کو وہاں پر "Food
AssistanceProgram
" کہا جاتا ہے۔

-3
اس پروجیکٹ کو امریکہ میں وزارت زراعت
چلا رہی ہے۔

-4
آج کل یہ راشن کارڈ الیکٹرانک کارڈ کی
شکل میں ہیں جن میں ماہانہ تقریباً 100 ڈالر مہیا کیے جاتے ہیں۔

-5
یہ پروگرام صرف ان لوگوں کیلئے مختص ہے

جنہیں کھانے پینے کیلیے کچھ بھی میسر نہیں آتا یا ان کی آمدن انتہائی محدود ہے جس سے ان کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں ۔

-6
اس پروگرام سے مستفید ہونے والوں کی تعداد تقریباً 36 ملین امریکی ہیں ۔

دوم :

کسی بھی مسلمان کو اس کارڈ سے قربانی خریدنے کی اجازت نہیں ہے ، کیونکہ یہ کارڈ صرف غریب لوگوں کو دیا جاتا ہے ، اور غریب لوگوں کیلیے قربانی کرنا شرعی عمل نہیں ہے ۔

چنانچہ اگر کوئی شخص مالدار ہے تو اس کیلیے اس پروگرام میں شمولیت اختیار کرنا ہی جائز نہیں ہے؛ کیونکہ اس طرح وہ ناجائز مال حاصل کر رہا ہے ۔

مزید کیلیے سوال نمبر : (6357) کا جواب ملاحظہ کریں ۔

واللہ اعلم .